ادارہ نوید سحر

پرانا کاہنہ ڈاکخانہ کاہنہ نو، لاہور

غزالی زماں رازی دوراں امام اہلسنت

علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمتہ اللہ علیہ

کی ملکی ملی دینی و سیاسی خدمات کا تذکرہ

حیاتِ غزالی زماں

مؤلف

حافظ امانت علی سعیدی

نام کتاب: حیات غزالی زماں

مؤلف: حافظ امانت علی سعیدی

نظر ثانی: سردار محمد اکرم بٹر

باہتمام: صلاح الدین سعیدی

اشاعت اول: یکم اکتوبر 2004ء

اشاعت دوم: 4-جون 2010ء

قیمت: روپے

ملنے کے پتے

حافظ امانت علی سعیدی، پرانا کاہنہ، ڈاکخانہ کاہنہ نو، ضلع لاہور۔ موبائل: 0300-8090476

مکتبہ مہریہ کاظمیہ ملتان۔ مکتبہ کریمیہ ملتان۔ مکتبہ فیضانِ سنت ملتان شریف
مکتبہ نبویہ، قادری رضوی کتب خانہ، مکتبہ حنفیہ، ضیاء القرآن، کرمانوالہ
بک شاپ، مکتبہ رضوان، ادارہ صراط مستقیم، روحانی پبلشرز گنج بخش روڈ، لاہور

سٹاکسٹ

النور پبلیکیشنز، فسٹ فلور، پنجاب پلازہ، اردو بازار، لاہور

فون: 042-37361378,0332-4716360

جتنے بھی وابستہ ہیں اللہ تعالیٰ میرے ہر پیر بھائی کو ہدایت دے اور اس دائرے سے

باہر نہ نکلیں۔

مسلک اعلیٰ حضرت بریلویؒ:

عزیزان محترم! چند نصیحتیں تھیں یہ جو میں نے آپ کو بتا دیں، بنیادی نصیحت

یہ ہے کہ اپنے مذہب پر قائم رہو، تو میں آپ کو بتا دوں کہ امام اہلسنت، مجدد دین وملت

الشاہ احمد رضا فاضل بریلوی کا مسلک میرا مسلک ہے اور میرے ساتھ تمام وابستہ

ہونے والے اسی مسلک پر قائم رہیں جو اعلیٰ حضرت کے مسلک سے ایک قدم باہر

رکھے گا وہ میرا مرید نہیں ہاں وہ میرا مرید نہیں اور اپنے اندر عاجزی انکساری کا مادہ پیدا

کرو۔ تکبر غرور کے قریب نہ جاؤ آپس میں محبت پیدا کرو، صرف یہ نہیں بلکہ یہاں

تک کہ اس دائرے سے آگے نکلو، ہر انسانیت کے ساتھ ہمدردی کا جذبہ اپنے دل میں

پیدا کرو۔ انسانیت کے آگے کوئی تمہیں میدان نظر آئے تو آگے ہر ذی حیات، ذی

روح محض جاندار کے لیے تم محبت ہمدردی کا جذبہ اپنے دل میں پیدا کرو۔ بہر حال یہ

وہ چیز ہے جو ہمارے لیے باعث مسرت ہے۔

ہمارے بزرگان وہ تو سراپا رحمت تھے ہمیں بھی سراپا رحمت ہونا چاہیئے اور ان کا مظہر

ہونا چاہیے۔

حقوق اللہ وحقوق العباد:

ہر شخص کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے حقوق بھی ادا کرے اور بندوں کے حقوق کا

بھی خیال رکھے۔ اگر اللہ تعالیٰ کے حقوق ہمارے ذمہ رہے تو اندھیر ہی اندھیر ہے اگر